شاہ ولی اللہ محدث دہلوی

انفاس العارفین

نوری بک ڈپو لاہور

marfat.com
Marfat.com

جملہ حقوق بحق نوری بک ڈپو محفوظ ہیں

انفاس العارفین

شاہ ولی اللہ محدث دہلوی

— تقدیم —
راجہ رشید محمود ایم اے ماہر مضمون اردو
پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ

— ترتیب و ترجمہ —
حضرت علامہ حکیم محمد اصغر اطہر فاروقی مدظلہ العالی

نوری بک ڈپو۔ لاہور

ناشر و تاجر
نوری بک ڈپو لاہور
آر-آر پرنٹرز لاہور

مرکزی دفتر: معصوم منزل۔ اسلام گنج۔ لاہور
مرکز فروخت: بازار داتا صاحب۔ لاہور

marfat.com
Marfat.com

کرامات حد و شمار سے باہر ہیں۔ مشتے نمونہ از خروارے کے طور پر یہ چند ذکر کی گئیں۔
حضرت شیخ محمد ۰ جمادی الاول ۱۲۲۵ھ ہجری میں فوت ہوئے۔ رضی اللہ عنہ وارضاہ والحقنا بہ۔

حرمین شریفین کے متاخرین مشائخ کے مختصر حالات

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ الحمد للہ الذی جعل الحرمین خیر بلادہ واسکن فیھما فی کل قرن صفوۃ عبادہ وصلی اللہ علی سیدنا محمد وآلہ وصحبہ اجمعین۔ حمد و صلوٰۃ کے بعد فقیر ولی اللہ عفی عنہ کہتا ہے کہ یہ چند کلمات جنہیں "انسان العین فی مشائخ الحرمین" کے نام سے موسوم کیا گیا ہے۔ حرمین شریفین کے بعض ان مشائخ صوفیاء اور علماء محدثین کے حالات پر مشتمل ہیں جن سے اس فقیر کو سلسلہ خرقہ صوفیاء اور اسناد و حدیث پہنچی ہیں۔ جزاھم اللہ تعالیٰ عنی خیر الجزاء

شیخ احمد شناوی

آپ علی بن عبدالقدوس بن محمد عباس شناوی کے فرزند ہیں۔ آپ کے آباؤ اجداد کبار اولیاء سے ہوتے ہیں۔ شیخ عبدالوہاب شعرانی نے ان کے کچھ حالات قلمبند کئے ہیں۔ آپ علم شریعت اور طریقت کے جامع تھے۔ آپ نے علم حدیث شمس رملی اپنے والد سید غضنفر اور شیخ محمد بن ابی الحسن سے حاصل کیا اور اپنے والد سے خرقہ خلافت حاصل کیا۔ ان کے بعد سید صبغۃ اللہ کی صحبت کا التزام کیا اور ان سے بھی خرقہ خلافت پہنا اور انکی صحبت میں درجات عالیہ کو پہنچے اور ان سے خلافت حاصل کی اور سالکین کی تربیت کے لئے ان سے منقول ہے کہ انہوں نے فرمایا۔

لوکان الشعرادی حیاما وسعہ الا اتباعی (اگر شعراوی زندہ ہوتے تو ان کیلئے بھی میری اتباع کے بغیر چارہ کار نہ ہوتا) انہوں نے فرمایا عھدنا یحفظ وان لم یحفظ

کاتب حروف کہتا ہے کہ متاخرین اہل حرمین کی اصطلاح میں قبول بیعت اخذ عہد کو کہتے ہیں یعنی جب بھی مشائخ صوفیہ اس کی بیعت قبول کرتے ہیں اس طریقہ کے مشائخ کی برکت زندہ ہوں یا گذشتہ کی برکات اس کے شامل حال ہو جاتی ہیں۔ آپ نے فرمایا۔ لا یدخل النار

marfat.com
Marfat.com